# ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج دیپالپور

## ای۔لرننگ پروجیکٹ

## چھٹیوں کا کام / سرگرمیاں / ٹیوٹوریل لنکس / جائزہ

## مضمون: اردو

## جماعت: سوم

## سیشن ۲۰۲۰ء تا ۲۰۲۱ء



نام طالبعلم / طالبہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سیکشن:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رول نمبر:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تاریخ:۴_اگست، ۲۰۲۰ء

دن:منگل

# عنوان:انور اور ندا کی کہانی

**تدریسی مقاصد**

- تخلیقی صلاحیت میں اضافہ کرنا۔
- جملے پڑھنے لکھنے سکھانا۔

**ٹیوٹر لنک:** https://youtu.be/bCB9XN3cmX4





## انور اور نِدا کی کہانی



میں انور ہوں۔
میں تیسری جماعت
میں پڑھتا ہوں۔

**جب میں چھوٹا تھا۔**

میں روتا تھا۔
میں امّی کے پاس رہتا تھا۔

**جب میں بڑا ہوں گا**

میں کالج جاؤں گا۔
میں ڈاکٹر بنوں گا۔



میں نِدا ہوں۔
میں دس سال کی ہوں۔
میں کرکٹ کھیلتی ہوں۔

**جب میں چھوٹی تھی**

میں دودھ پیتی تھی۔
میں گڑیا سے کھیلتی تھی۔

**جب میں بڑی ہوں گی**

میں وکیل بنوں گی۔
میں لوگوں کی مدد کروں گی۔





# اپنی کہانی سنائیں۔

میں ______________________ ہوں ۔

میں ______________________ ہوں ۔

میں ______________________ ہوں ۔

(اپنی تصویر بنائیں)

## جب میں چھوٹا تھا / چھوٹی تھی

میں ________________________________________

میں ________________________________________

## جب میں بڑا ہوں گا/ بڑی ہوں گی

میں ________________________________________

میں ________________________________________



دستخط والدین:______________

تاریخ:۵۔اگست،۲۰۲۰ء

دن:بدھ

## عنوان:ن اور ں عنّہ کی پہچان

ٹیوٹرلنک: https://youtu.be/31mA9xdk_Kw

**تدریسی مقاصد**

- ن اور ں کی پہچان کروانا۔
- الفاظ پڑھنے لکھنے سکھانا۔





## ن اور ں

غور سے سنیں: دن جن نان

اب یہ لفظ سنیں: کہاں نہیں لڑکیاں

کیا آپ کو "ن" کی آوازوں میں فرق لگتا ہے؟

"ں" کو نون غنہ کہتے ہیں۔ جب یہ لفظ کے آخر میں آتا ہے، تو اس پر نقطہ نہیں لگتا۔

نیچے کچھ الفاظ لکھے ہیں۔ اُن الفاظ پر دائرہ بنائیں جن میں نُون غنہ آتا ہو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہوں | گِن | سُن | سُنیں |
| کان | میں | کہاں | اُس |
| نہیں | پان | ہیں | بنائیں |





الف اور نون غنہ کو ملائیں۔

ا + ں = اں

"اں" کی مدد سے الفاظ بنائیں۔

ک + ہ + اں = کہاں　　م + اں = ______

ہ + اں = ______　　لڑکی + اں = ______

ج + ہ + اں = ______　　الماری + اں = ______

و + ہ + اں = ______　　کرسی + اں = ______

ی + ہ + اں = ______　　دری + اں = ______

کیا آپ ایسے 3 الفاظ بتاسکتے ہیں جن کے آخر میں "اں" آتا ہو؟

______　______　______





**تدریسی مقاصد**

- "یں" کا استعمال سکھانا۔
- یں والے الفاظ پڑھنے لکھنے سکھانا۔

## ی اور نون غنہ کو ملائیں۔

ی + ں = ـیـ + ں = یں

"یں" کی مدد سے الفاظ بنائیں۔ ہر لفظ کو بلند آواز میں پڑھیں۔
(ِ) زیر اور (َ) زبر کا خاص خیال رکھیں۔

ی + ہ + ـِیں = یہیں　　　　رکھ + ـیَں = ________

ک + ہ + ـِیں = ________　　　　م + ـیَں = ________

و + ہ + ـِیں = ________　　　　پڑھ + ـیَں = ________

ن + ہ + ـِیں = ________　　　　بول + ـیَں = ________

ر + ہ + ـِیں = ________　　　　کہ + ـیَں = ________

کیا آپ ایسے 3 الفاظ بتا سکتے ہیں جن کے آخر میں "یں" آتا ہو؟

________　________　________



دستخط والدین: ________

تاریخ:٦۔اگست،۲۰۲۰ء

دن: جمعرات

ٹیوٹرلنک: https://youtu.be/31mA9xdk_Kw



**تدریسی مقاصد**

- "ن" کی درمیانی شکل والے الفاظ کی پہچان کروانا۔
- مزید الفاظ بنوانے کی مشق کروانا۔



اگر نون غُنّہ لفظ کے درمیان میں آئے، تو ہم اُس پر نقطہ لگاتے ہیں۔ مثال کے طور پر "آنکھ" میں "ن" کی آواز نون غُنّہ کی طرح ادا ہوگی۔

نیچے دیے ہوئے ارکان کو مِلا کر الفاظ بنائیں۔

اُو + ن + چا = ________________

سا + ن + پ = ________________

وا + ن + ت = ________________

ہو + ن + ٹ = ________________

چو + ن + چ = ________________

گے + ن + د = ________________

سی + ن + گ = ________________

او + ن + ٹ = ________________

نی + ن + د = ________________

سو + ن + ڈ = ________________





# جملے بنائیں

نیچے دیے ہوئے کالموں کو غور سے دیکھیں۔ ہر کالم میں سے ایک لفظ چُن کر جملے بنائیں۔ ایک مثال آپ کے لئے حل کردی گئی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| چڑیا | کرکٹ | چگتی | ہیں |
| لڑکی | کھانا | جاتا | ہے |
| ہم | کتاب | پڑھتی | ہے |
| تم | سکول | کھاتی | ہو |
| احمد | دانہ | کھیلتے | ہے |

۱ چڑیا دانہ چگتی ہے۔

۲ ____________________

۳ ____________________

۴ ____________________

۵ ____________________





# جملے مکمل کریں

یہ میری ______ ہے۔ (بل + لی)

طوطے کا نام ______ ہے۔ (مِٹھ + ٹھو)

میری ______ کہاں ہے؟ (پن + سل)

تمھارا گھر ______ ہے؟ (کہ + اں)

______ کون رہتا ہے؟ (یہ + اں)

پاکستان کا ______ سبز اور سفید ہے۔ (جھن + ڈا)

آڑو کی ______ بتاؤ۔ (قی + مت)

______ میں نہ کھیلو۔ (کی + چڑ)

______ نام زارا ہے۔ (مے + را)

______ پی لو۔ (یخ + نی)



دستخط والدین: ______

تاریخ:۷۔اگست،۲۰۲۰ء

دن:جمعہ

ٹیوٹرلنک: https://youtu.be/Pg1zWUqOvOE

**تدریسی مقاصد**

- جملوں کی ترتیب سکھانا۔
- جملے پڑھنے لکھنے سکھانا۔

# عنوان:جملوں کی ترتیب



یہ الفاظ بے ترتیب ہوگئے ہیں۔ ترتیب درست کر کے جملے بنائیں۔

مثلاً:

ہے سکول روز علی جاتا —— علی روز سکول جاتا ہے۔

1. ہے گھر میرا یہ ____________________
2. ملک ہے پاکستان ہمارا ____________________
3. ادب کرو کا ماں باپ ____________________
4. سچ عادت بولنا ہے اچھی ____________________
5. کتاب دو مجھے دے ____________________
6. باتیں ہے کرتا طوطا ____________________
7. لمبی ریل گاڑی ہے بہت ____________________
8. شام ماموں آئیں کو گے ____________________
9. رہے پڑھ ہم ہیں ____________________



دستخط والدین: ____________

تاریخ:۸۔اگست،۲۰۲۰ء

دن:ہفتہ

# سبق ۱۰:سچاسلطان

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/iIWlOZQ14Bk

پڑھائی:

**تدریسی مقاصد**

- سچائی کا مطلب بتانا۔
- ایمانداری کے فوائد بتانا۔
- تلفظ درست کروانا۔
- ذخیرہ الفاظ بڑھانا۔



## سچا سُلطان

**خاص الفاظ** سچا سُلطان بیج احتیاط ایمانداری

دُور کسی مُلک میں ایک سُلطان رہتا تھا۔ ایک دن اس نے اپنے بیٹوں کو اپنے پاس بُلایا۔ اس نے ہر بیٹے کو ایک بیج دیا اور کہا"اس بیج کو ایک سال تک اُگاؤ۔ ایک سال بعد جس کا پودا مجھے سب سے زیادہ



پسند آئے گا، وہی میرے بعد سُلطان بنے گا"۔



بچوں میں سب سے چھوٹا سلیم تھا۔ وہ صرف دس سال کا تھا۔ اس نے بہت احتیاط سے بیج کو گملے میں بویا۔ وہ روز اس کو پانی دیتا اور اس کا خیال کرتا۔ دن گزرتے گئے لیکن بیج سے کوئی پودا نہیں نکلا۔

آخر ایک سال گزر گیا اور سب لڑکے سُلطان کے پاس اپنے اپنے پودے لائے۔ سلیم کے علاوہ سب کے پاس خوبصورت پھولوں والے پودے تھے۔





سُلطان نے باری باری سب کے پودے دیکھے اور آخر کار بولا: "میں نے آپ سب کو خراب بیج دیے تھے۔ ان سے کبھی پودا نہیں اُگ سکتا تھا۔ صرف سلیم نے ایمانداری سے وہی بیج اُگایا ہے جو میں نے دیا تھا۔ میرے بعد سلیم ہی آپ کا سُلطان ہوگا۔"

**الفاظ برائے املاء:**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سچّا | سلطان | بیج | ایمانداری | خوبصورت |
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |
| پھولوں | اگانا | پودے | خراب | |
| ________ | ________ | ________ | ________ | |

**الفاظ معنی لکھیے۔**

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| بیج | تخم | ________ | ________ |
| ایمانداری | صداقت / سچائی | ________ | ________ |
| چھوٹا | کم عمر | ________ | ________ |
| سال | برس | ________ | ________ |
| احتیاط | دیکھ بھال | ________ | ________ |
| سچا | سچ بولنے والا | ________ | ________ |
| سلطان | بادشاہ | ________ | ________ |
| پاس | قریب | ________ | ________ |
| ملک | وطن | ________ | ________ |
| خیال کرنا | دھیان رکھنا | ________ | ________ |

دستخط والدین:________

تاریخ:۱۰۔اگست،۲۰۲۰ء

دن:پیر

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/8bEFzSyhGJM

## مختصر سوالات کے جوابات

**سوال: سُلطان نے اپنے بیٹوں کو کیا دیا؟**

جواب: سُلطان نے اپنے بیٹوں کو ایک، ایک بیج دیا۔

جواب: ______________________________

**سوال: سلیم کتنے سال کا تھا؟**

جواب: سلیم دس سال کا تھا۔

جواب: ______________________________

**سوال: سلیم نے بیج کے ساتھ کیا کیا؟**

جواب: اس نے بہت احتیاط سے بیج کو گملے میں بویا اور وہ روز اس کو پانی دیتا اور اس کا خیال کرتا دن گزرتے گئے لیکن بیج سے کوئی پودا نہ نکلا۔

جواب: ______________________________

______________________________

**سوال: سب لڑکوں کے پاس کیا تھا؟**

جواب: سب لڑکوں کے پاس خوبصورت پھُولوں والے پودے تھے۔

جواب: ______________________________

**سوال: سُلطان سلیم کی کس عادت پر خوش ہوا؟**

جواب: سُلطان سلیم کی ایمانداری کی عادت پر خوش ہوا۔

جواب: ______________________________

**خلاصہ:**

اس سبق میں سچائی اور امانت داری کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ سلطان نے باری باری سب کے پودے دیکھے اور آخر کار بولا: "میں نے آپ سب کو خراب بیج دیے تھے۔ ان سے کبھی پودا نہیں اگ سکتا تھا۔ صرف سلیم نے ایمانداری سے وہی بیج اگایا ہے جو میں نے دیا تھا۔ میرے بعد سلیم ہی آپ کا بادشاہ ہو گا۔

دستخط والدین:__________



تاریخ: 11۔اگست،۲۰۲۰ء

دن: منگل

ٹیوٹرلنک: https://youtu.be/Ef1pFHKZIVU



(2) جملوں میں سے اسم اور فعل ڈھونڈ کر لکھیں۔


سلیم نے بیج کو گملے میں بویا۔

سلیم روز پودے کو پانی دیتا تھا۔

سُلطان نے ہر بیٹے کو ایک بیج دیا۔

اسم

فعل



(3) دُرست املا والے لفظ کے گرد دائرہ بنائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| صلطان | ثلطان | سُلطان |
| روظ | روز | روذ |
| اطیات | احتیاط | احتیات |



دستخط والدین:

تاریخ:۱۲۔اگست،۲۰۲۰ء

دن: بدھ

# جائزہ

## سبق ۱۰: سچا سلطان

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/WQG2qt2Vw2s

**کل نمبر: ۱۰**

**سوالنمبر ۱: الفاظ کے معانی لکھیں۔** /۳

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| بیج | |
| ایمانداری | |
| خیال کرنا | |

**سوالنمبر ۲: مشقی سوالات:** /۴

**سُوال: سلیم نے بیج کے ساتھ کیا کیا؟**

جواب:______________________________

______________________________

**سُوال: سُلطان سلیم کی کس عادت پر خوش ہوا؟**

جواب:______________________________

**سوالنمبر ۳: خلاصہ لکھیں:** /۳

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

تاریخ:۱۳۔اگست،۲۰۲۰ء

دن: جمعرات

ٹیوٹرلنک: https://youtu.be/fPYKK_aXgVY

# سبق ۱۱: علم کا شوق

**تدریسی مقاصد**

- علم کا مفہوم سمجھانا۔
- بیت الحکمت کے مفہوم سے آگاہ کرنا۔
- تلفظ درست کروانا۔
- ذخیرہ الفاظ پڑھانا۔

**پڑھائی:**



## علم کا شوق

**خاص الفاظ:** اہمیت — بیتُ الحِکمت — سائنس — ایجاد — مشین

آج سے بارہ سو سال پہلے کی اسلامی دُنیا میں علم کو بہت اہمیت حاصل تھی۔ اس زمانے میں بغداد میں "بیتُ الحِکمت" کھولا گیا۔

بیتُ الحِکمت کا مطلب ہے "علم کا گھر"۔ بیتُ الحِکمت میں دُنیا بھر سے سائنس اور ریاضی کی ہزاروں کتابیں رکھی گئی تھیں۔

مُسلمان علما اور طلبا ان کتابوں کو پڑھتے تھے۔اس کے بعد وہ اپنے تجربے کرتے اور مزید کتابیں لکھتے تھے۔

مُسلمانوں نے اس دَور میں بہت کچھ ایجاد کیا۔ جیسا کہ الجزری نے ایک ایسی مشین بنائی جو زمین کے نیچے سے پانی نکال سکتی تھی۔

مریم اجلیہ ایسی چھوٹی مشینیں بناتی تھیں جن سے قبلے کی سمت کا پتا چلایا جاتا تھا۔ الزہراوی نے ایک ایسا دھاگہ بنایا جو آج بھی ڈاکٹر زخم سینے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

اس طرح علم حاصل کرنے کے شوق کی وجہ سے مُسلمانوں نے بہت ترقی کی اور دُنیا کو بہت فائدہ پہنچایا۔

الفاظ برائے املاء:

| علم | اہمیت | بیت الحکمت | سائنس | ایجاد |
|---|---|---|---|---|
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |
| مشین | کتابوں | میلے | زخم | ترقی |
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |

الفاظ معنی لکھیے۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اہمیت | اہم ہونا | ________ | ________ |
| مشین | کام آسان کرنے والا آلہ | ________ | ________ |
| بیت الحکمت | دانائی کا گھر | ________ | ________ |
| ایجاد | وجود میں لانا | ________ | ________ |
| زمانہ | دور | ________ | ________ |
| سائنس | علم کا نام | ________ | ________ |
| علم | جاننا، سیکھنا | ________ | ________ |
| بغداد | عراق کے ایک شہر کا نام | ________ | ________ |
| شوق | لگن | ________ | ________ |
| علما | عالم کی جمع / علم والے | ________ | ________ |

تاریخ:۱۵۔اگست،۲۰۲۰ء

دن: ہفتہ

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/FRxqpNNU_vk

(1) مندرجہ ذیل الفاظ کے حروف الگ کریں۔

(i) علم ________________

(ii) ریاضی ________________

(iii) تجربہ ________________

(iv) مشینیں ________________

67

## مختصر سُوالات کے جوابات

**سُوال:"بیت الحکمت"کہاں کھولا گیا؟**

جواب:بغداد میں کھولا گیا۔

جواب:________________

**سُوال:"بیت الحکمت"کا مطلب کیا ہے؟**

جواب:دانائی کا گھر۔

جواب:________________

**سُوال:مریم اِجلیہ کی ایجاد سے کس کی سمت کا پتا چلایا جا سکتا تھا؟**

جواب:قبلے کی سمت کا پتا چلایا جا سکتا تھا۔

جواب:________________

دستخط والدین:________________

تاریخ: ۱۷۔اگست، ۲۰۲۰ء　　　　دن: پیر

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/Bl96J7s6nCs

(3) دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

مشین　　مُسلمانوں　　تجربوں　　بیت الحکمت

(i) بغداد میں ________ کھولا گیا۔

(ii) مریم اجلیہ کی ________ سے قبلے کی سمت کا پتا چلتا۔

(iii) مُسلمانوں کے ________ سے سائنس میں بہت ترقی ہوئی۔

(iv) ________ نے اُس دور میں بہت ترقی کی۔

(4) درست جواب کے سامنے ✔ کا نشان بنائیں۔

(i) بیتُ الحکمت کا مطلب ہے بادشاہ کا گھر۔

(ii) بیتُ الحکمت میں ریاضی اور سائنس کی کتابیں رکھی گئی تھیں۔

(iii) الجوری نے ایسی مشین بنائی جو زمین کے نیچے سے مٹی نکالتی تھی۔

(iv) مریم اجلیہ کی مشین سے قبلے کی سمت کا پتا چلتا تھا۔

(v) الزہراوی نے ایسی سوئی بنائی جس سے زخم سیتے ہیں۔

(5) جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| دُنیا | |
| کتابیں | |
| ایجاد | |
| استعمال | |
| شوق | |

**خلاصہ:**

آج سے بارہ سو سال پہلے کی اسلامی دنیا میں علم کو بہت اہمیت حاصل تھی۔ اس زمانے میں بغداد میں "بیت الحکمت" کھولا گیا۔ بیت الحکمت کا مطلب ہے "علم کا گھر"۔ بیت الحکمت میں دنیا بھر سے سائنس اور ریاضی کی ہزاروں کتابیں رکھی گئی تھیں۔

مسلمانوں نے اس دور میں بہت کچھ ایجاد کیا۔ جیسا کہ الجزری نے ایک ایسی مشین بنائی جو زمین کے نیچے سے پانی نکال سکتی تھی۔ مریم اجلیہ ایسی چھوٹی مشینیں بناتی تھیں جن سے قبلے کی سمت کا پتا چلایا جاتا تھا۔ الزہراوی نے ایک ایسا دھاگہ بنایا جو آج بھی ڈاکٹرز زخم سینے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

**خود لکھیں:**



دستخط والدین:

تاریخ:۱۸۔اگست،۲۰۲۰ء

دن: منگل

# سبق ۱۱: علم کا شوق

## جائزہ

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/EHCRCr2XGOg

**کل نمبر: ۱۰**

**سوالنمبر ۱: الفاظ کے معانی لکھیں۔** ۲/

| | |
|---|---|
| بیت الحکمت | ________ |
| ایجاد | ________ |
| زمانہ | ________ |
| بغداد | ________ |

**سوالنمبر ۲: سوالات کے جواب دیں۔** ۴/

**سوال: "بیت الحکمت" کہاں کھولا گیا؟**

جواب: ________

**سوال: "بیت الحکمت" کا مطلب کیا ہے؟**

جواب: ________

**سوالنمبر ۳: خالی جگہ پر کریں۔** ۴/

مشین مسلمانوں تجربوں بیت الحکمت

(i) بغداد میں ________ کھولا گیا۔

(ii) مریم اجلیہ کی ________ سے قبلے کی سمت کا پتا چلتا۔

(iii) مسلمانوں کے ________ سے سائنس میں بہت ترقی ہوئی۔

(iv) ________ نے اُس دور میں بہت ترقی کی۔

دستخط والدین: ________

تاریخ:۱۹۔اگست،۲۰۲۰ء

دن: بدھ

**ٹیوٹر لنک:** https://youtu.be/dl8LcIWGNeM


**تدریسی مقاصد**

- محنت کی عظمت سے آگاہ کرنا۔
- تلفظ درست کروانا۔
- ذخیرہ الفاظ پڑھانا۔

# سبق ۱۲: چھوٹی چیونٹی (نظم)

**شاعر کا تعارف:** شاعر کا نام اسماعیل میرٹھی ہے۔ آپ کا اصل نام محمد اسماعیل تھا۔ آپ بھارت کے رہنے والے تھے۔ آپ ۱۲ نومبر ۱۸۴۴ کو میرٹھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کو پشتو اور عربی زبان پر عبور تھا۔ آپ جدید طرز کے شاعر تھے۔ آپ نے بچوں کے لیے بہت ساری نظمیں لکھیں ہیں۔

**پڑھائی:**



## چھوٹی چیونٹی

**خاص الفاظ:** فُرصت مشقت ہمت آفریں

نہیں کام سے شام تک تجھ کو فُرصت
ذرا سی تو جان اور اس پہ یہ محنت
بہت جھیلتی ہے مشقت مصیبت
نہیں ہارتی پر کبھی اپنی ہمت
اری! چھوٹی چیونٹی تجھے آفریں ہے

نہ کھو سُستی میں وقت مہلت ہے تھوڑی
وہی کام کر جس سے مالک ہو راضی
کہ جس نے تجھے زندگانی عطا کی
یہ عمدہ سبق ہم کو دیتی ہے چیونٹی
اری! چھوٹی چیونٹی تجھے آفریں ہے

(اسماعیل میرٹھی)

الفاظ برائے املاء:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فرصت | مشقت | ہمت | آفرین | جھیلتی |
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |
| سستی | مہلت | راضی | زندگانی | عمدہ |
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |

الفاظ معنی لکھیے۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| فرصت | فارغ | ________ | ________ |
| ہمت | حوصلہ | ________ | ________ |
| جان | جسم | ________ | ________ |
| سستی | کاہلی | ________ | ________ |
| عمدہ | اعلیٰ | ________ | ________ |
| مشقت | محنت | ________ | ________ |
| آفریں | شاباش | ________ | ________ |
| مصیبت | دکھ / پریشانی | ________ | ________ |
| راضی | خوش | ________ | ________ |
| مالک | مراد اللہ تعالیٰ | ________ | ________ |

دستخط والدین: ________

**تاریخ:** ۲۰۔اگست،۲۰۲۰ء

**دن:** جمعرات

**ٹیوٹرلنک:** https://youtu.be/vqhCH2XuxwY

https://youtu.be/xECkhiFUp0E

**بند نمبر:۱۔**

نہیں کام سے شام تک تجھ کو فرصت
ذرا سی تو جان اور اس پہ یہ محنت
بہت جھیلتی ہے مشقت مصیبت
نہیں ہارتی پر کبھی اپنی ہمت
اری! چھوٹی چیونٹی تجھے آفریں ہے

**تشریح:** شاعر کہتا ہے کہ اے چھوٹی سی ننھی منی چیونٹی تجھے صبح سے شام تک کام سے فرصت نہیں ہے، تو ایک ذرا سے جان ہو کر اتنی محنت کرتی ہے، مشقت اور مصیبت برداشت کرتی ہے لیکن کبھی بھی حوصلہ نہیں ہارتی اس لیے تجھے ارے چھوٹی چیونٹی! تجھے شاباش ہے۔

خود لکھیں:

**بند نمبر۲۔**

نہ کھو سستی میں وقت مہلت ہے تھوڑی
وہی کام کر جس سے مالک ہو راضی
کہ جس نے تجھے زندگانی عطا کی
یہ عمدہ سبق ہم کو دیتی ہے چیونٹی
اری! چھوٹی چیونٹی تجھے آفریں ہے

**تشریح:** اپنا وقت بے کار کاموں میں اور سست رہ کر ضائع نہ کرو کیونکہ عمر کم ہے۔ وہی کام کرو جس سے اللہ تعالیٰ خوش ہو۔ وہ اللہ جو ہم سب کا پیدا کرنے والا اور خالق ہے۔ یہ اچھا اور فائدہ مند سبق ہمیں ننھی سی چیونٹی دیتی ہے۔ ارے چھوٹی چیونٹی! تجھے شاباش ہے۔

خود لکھیں:

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________




## مشق

(1) الفاظ کو معنی سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
| عمدہ | کم |
| راضی | اعلیٰ |
| مہلت | خوش |
| فرصت | وقت |
| تھوڑی | فراغت |

(2) حروف جوڑ کر لفظ بنائیں۔

چ + ی + و + ن + ٹ + ی = ______________________

آ + ف + ر + ی + ں = ______________________

ف + ر + ص + ت = ______________________

ہ + م + م + ت = ______________________

م + ہ + ل + ت = ______________________

## مختصر سوالات کے جوابات

**سوال: چیونٹی کو کس چیز سے فرصت نہیں ملتی؟**

جواب: چیونٹی کو کام سے فرصت نہیں ملتی۔

جواب: ____________________

**سوال: چیونٹی کے کام سے کون راضی ہوتا ہے؟**

جواب: اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے۔

جواب: ____________________

**سوال: اس نظم سے آپ کو کیا سبق ملتا ہے؟**

جواب: ہمیں کبھی بھی ہمت نہیں ہارنی چاہیے۔ ہمیشہ دل لگا کر محنت سے کام کرنا چاہیے۔

جواب: ____________________

(4) درست لفظ کے گرد دائرہ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| فُرصت | فرست | فورست |
| موسیبت | مصیبت | مسیبت |
| حمت | ہمط | ہمّت |
| مشقط | مشکت | مشقّت |
| عمدہ | امدا | عمدا |

**مرکزی خیال:** اس نظم میں شاعر نے محنت کی عظمت بیان کی ہے کہ چھوٹی چیونٹی کس طرح محنت کرتی ہے اور کبھی ہمت نہیں ہارتی۔ اللہ تعالیٰ اس کی محنت سے خوش ہوتا ہے اس طرح آپ بھی محنت کو اپنا شعور بنالیں۔

خود لکھیں: ____________________

____________________

____________________

____________________

دستخط والدین: ____________________

تاریخ:۲۱۔اگست،۲۰۲۰ء                                                                                     دن:جمعہ

# جائزہ

## سبق ۱۲: چھوٹی چیونٹی

ٹیوٹرلنک: https://youtu.be/EHCRCr2XGOg

**کل نمبر:۱۰**

**سوالنمبر۱:الفاظ کے معانی لکھیں۔** /۲

| | |
|---|---|
| ہمت | ______________ |
| راضی | ______________ |
| مالک | ______________ |
| سستی | ______________ |

**سوالنمبر۲: تشریح کریں۔** /۳

نہیں کام سے شام تک تجھ کو فرصت
ذرا سی تو جان اور اس پہ یہ محنت
بہت جھیلتی ہے مشقت مصیبت
نہیں ہارتی پر کبھی اپنی ہمت
اری! چھوٹی چیونٹی تجھے آفریں ہے

تشریح: ______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

**سوالنمبر۳: نظم "چھوٹی چیونٹی" کا مرکزی خیال لکھیے۔** /۵

دستخط والدین: ______________

دن: ہفتہ

### تدریسی مقاصد

- کبڈی کھیل کے بارے میں بتانا۔
- کھیلوں کے نام یاد کروانا
- تلفظ درست کروانا

تاریخ: ۲۲۔ اگست، ۲۰۲۰ء

# سبق ۱۳: کبڈی

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/cPAIFKrXSPo

کبڈی پاکستان کے صوبہ پنجاب کا ایک مشہور کھیل ہے۔ یہ ایک ایسا کھیل ہے جس میں کسی بھی سامان کی ضرورت نہیں ہوتی۔

کبڈی میں دو ٹیموں کے درمیان مقابلہ ہوتا ہے۔ ہر ٹیم میں سات کھلاڑی ہوتے ہیں۔ ایک میدان کو دو حصوں

73

میں بانٹ کر درمیان میں ایک لکیر لگا دی جاتی ہے۔ باری باری ہر ٹیم میں سے ایک کھلاڑی دوسری ٹیم کے حصے میں جاتا ہے۔ اُس کی کوشش ہوتی ہے کہ مخالف ٹیم کے کسی کھلاڑی کو ہاتھ لگا کر واپس اپنے حصے میں آجائے مخالف ٹیم اُسے ایسا کرنے سے روکتی ہے۔ اگر وہ واپس پہنچ جائے تو اُس کی ٹیم کو نمبر ملتے ہیں۔

اور ہاں! سب سے دلچسپ بات یہ ہے کہ جو کھلاڑی مخالف ٹیم کے حصے میں جاتا ہے، اُسے ایک سانس میں بار بار "کبڈی کبڈی" ! دُہراتا ہوتا ہے۔ اگر اُس کا سانس ٹوٹ جائے، تو وہ کھیل سے نکال دیا جاتا ہے۔ تو بتائیں، کیا آپ یہ کھیل کھیل سکتے ہیں؟



**الفاظ برائے املاء:**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کبڈّی | مقابلہ | مخالف | کھلاڑی | سانس |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| حصوّں | میدان | مخالف | دلچسپ | پنجاب |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |

**الفاظ معنی لکھیے۔**

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| مشہور | مقبول | ______ | ______ |
| مخالف | دشمن | ______ | ______ |
| سانس | دھڑکن کا چلنا | ______ | ______ |
| دلچسپ | حیران کن | ______ | ______ |
| ٹیم | کھلاڑیوں کا گروہ | ______ | ______ |
| کبڈی | ایک کھیل کا نام | ______ | ______ |
| کھلاڑی | کھیل کھیلنے والے | ______ | ______ |
| لکیر | لائن | ______ | ______ |
| صوبہ | ملک کا حصہ | ______ | ______ |
| میدان | کھلی جگہ | ______ | ______ |

**مختصر سُوالات کے جوابات**

**سُوال: کبڈی پاکستان کے کس صوبہ میں کھیلا جاتا ہے؟**

جواب: صوبہ پنجاب میں۔

جواب: ____________________

**سُوال: کبڈی میں ہر ٹیم میں کتنے کھلاڑی ہوتے ہیں؟**

جواب: سات کھلاڑی ہوتے ہیں۔

جواب: ____________________

**سُوال: کھیل کے دوران کھلاڑی ایک سانس میں کیا کہتے ہیں؟**

جواب: کبڈی کبڈی کہتے ہیں۔

جواب: ____________________

(1) ارکان ملایئے۔

پا + کس + تان = ____________

پن + جاب = ____________

مش + ہو + ر = ____________

کھے + ل = ____________

دَ + وان = ____________

**خلاصہ:**

**اس سبق میں بتایا گیا ہے کہ کبڈّی کے درمیان مقابلہ ہوتا ہے۔ ہر ٹیم میں سات کھلاڑی ہوتے ہیں۔ ایک میدان کو دو حصوں میں میں بانٹ کر درمیان میں ایک لکیر لگادی جاتی ہے، باری باری ہر ٹیم میں سے ایک کھلاڑی دوسری ٹیم کے حصے میں جاتا ہے۔ اس کی کوشش ہوتی ہے کہ مخالف ٹیم کے کسی کھلاڑی کو ہاتھ لگا کر اپنے حصے میں آجائے مخالف ٹیم اسے ایسا کرنے سے روکتی ہے، ااا گر رر وہ واپس پہنچ جائے تو اس کی ٹیم کو نمبر ملتے ہیں۔**

____________________

____________________

____________________

____________________

دستخط والدین: ____________

تاریخ:۲۴۔اگست،۲۰۲۰ء

دن: پیر

### تدریسی مقاصد

- نام کا مطلب بتانا۔
- عظیم رہنما کا تعارف کروانا۔
- تلفظ درست کروانا۔
- ذخیرہ الفاظ بڑھانا۔

# سبق ۱۴: قائداعظم رح (نظم)

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/mvsRbmeYjJQ

پڑھائی:



## قائداعظمؒ

وہ سیاست دان تھے
وہ عظیم انسان تھے
وہ اٹھے، آگے بڑھے
اک عقیدے کو لیے
دیکھتے ہی دیکھتے
ہر طرف پھر چھا گئے
جس پہ سب حیران تھے
وہ عظیم انسان تھے
بات نظریے کی تھی
جس میں قوت ہے بڑی
قوم اکٹھی ہو گئی
قوم ان کا جسم تھی
قوم کی وہ جان تھے
وہ عظیم انسان تھے

**الفاظ برائے املاء:**

| قائداعظم | سیاست | عظیم | عقیدے | دیکھے |
|---|---|---|---|---|
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |
| حیران | انسان | نظریے | قوت | اکٹھی |
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |

**الفاظ معنی لکھیے۔**

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| قوت | طاقت | ________ | ________ |
| حیران | پریشان | ________ | ________ |
| عقیدہ | ایمان | ________ | ________ |
| قوم | ملت | ________ | ________ |
| نظریے | اصول | ________ | ________ |
| جسم | جان | ________ | ________ |
| قائد | رہنما | ________ | ________ |
| اکٹھی | جمع | ________ | ________ |
| سیاست دان | قانون دان | ________ | ________ |
| عظیم | بڑا | ________ | ________ |

**بند نمبر۱:**

وہ سیاست دان تھے
وہ عظیم انسان تھے
وہ اٹھے، آگے بڑھے
اک عقیدے کو لیے
دیکھتے ہی دیکھتے
ہر طرف پھر چھا گئے
جس پہ سب حیران تھے
وہ عظیم انسان تھے

**تشریح:**

قائداعظم محمد علی جناح اچھے سیاست دان اور بڑے انسان تھے۔ وہ اک نظریے کو لے کر آگے آئے اور دو قومی نظریہ کو ہر طرف پھیلایا۔ اس کے بعد دیکھتے ہی دیکھتے مشہور ہو گئے۔ سب لوگ اتنی تیزی سے دو قومی نظریے کو پھیلانے اور اس کی مقبولیت کو دیکھ کر حیرت زدہ ہو گئے۔ وہ ایک بہت بڑے انسان تھے۔

**بند نمبر۲:**

بات نظریے کی تھی
جس میں قوت ہے بڑی
قوم اکٹھی ہو گئی
قوم ان کا جسم تھی
قوم کی وہ جان تھے
وہ عظیم انسان تھے

**تشریح:**

**عقیدے اور نظریے میں بڑی طاقت ہوتی ہے جس سے بڑے سے بڑا کام کیا جا سکتا ہے۔ سب قوم دو قومی نظریے کے نام پر اکھٹی ہو گئی۔ قوم تو یوں لگتا تھا کہ ان کا جسم ہے۔ یعنیٰ ایک جسم کی مانند قوم متحد ہو گئی اور اس عظیم انسان کا ساتھ دینے لگی۔**





## مشق

(1) الفاظ کی ترتیب درست کر کے مصرع لکھیں۔

تھے وہ انسان عظیم ______

چھا گئے پھر ہر طرف ______

تھی قوم ان کا جسم ______

کی تھی نظریے بات ______

(2) ایک جیسی آواز والے لفظ بنایئے۔

سب ______ جان ______ بات ______

(3) ارکان ملا کر لفظ بنایئے۔

ع + ظی + م = ______

قو + وت = ______

ے + ران = ______

ا + کٹھ + ٹھی = ______

ان + سان = ______

78

**مختصر سُوالات کے جوابات**

**سُوال: قائداعظم کون تھے؟**

جواب: پاکستان کے بانی اور بابائے قوم تھے۔

جواب: ______

**سُوال: قائداعظم کا اصل نام کیا تھا؟**

جواب: قائداعظم کا اصل نام محمد علی جناح تھا۔

جواب: ______

**مرکزی خیال:** اس نظم میں قائداعظم کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ کہ وہ ایک عظیم رہنما اور انسان تھے۔ انہوں نے قیامِ پاکستان کے لیے جدوجہد کی اور آخر کار پاکستان بنانے میں کامیاب ہو گئے۔

______

______

______

دستخط والدین: ______

تاریخ:۲۵۔اگست،۲۰۲۰ء

دن:منگل

# سبق ۱۵:چین

ٹیوٹرلنک: https://youtu.be/HfKzNMFxDCI

پڑھائی:

**تدریسی مقاصد**

- ہمسایہ ممالک کے بارے میں آگاہی دینا۔
- تلفظ درست کروانا۔
- چین کے لوگوں کی عادات سے آگاہ کرنا۔

## چین

**خاص الفاظ**

ہوائی اڈے تجسّس مخصوص قدیم ترقی

عمر کے ماموں 5 سال بعد چین سے پاکستان واپس آئے تھے۔ عمر اپنے نانا کے ساتھ ماموں کو لاہور کے ہوائی اڈے سے لینے گیا۔ عمر کو چین کے بارے میں بہت تجسّس ہو رہا تھا۔ عمر اور ماموں گاڑی میں بیٹھے ہی تھے کہ وہ بولا: ماموں چین، پاکستان سے کتنا دُور ہے؟

ماموں: بیٹا ویسے تو چین پاکستان کا ہمسایہ ملک ہے، لیکن میں چین کے شہر بیجنگ میں رہتا تھا۔ ہوائی جہاز سے وہاں پہنچنے میں سات گھنٹے لگتے ہیں۔

عمر: ماموں بیجنگ کیسا ہے؟ امی بتا رہی تھیں کہ وہاں کوئی اُردو نہیں بولتا۔

ماموں: ہاں بیٹا! چینی اپنی مخصوص اور قدیم زبان بولتے ہیں جو انھوں نے خود ایجاد کی ہے۔ جیسا کہ جب وہ کسی سے ملتے ہیں، تو کہتے ہیں "نی ہاؤ"

عمر: ماموں مجھے چین کے بارے میں کچھ اور بتائیں؟

ماموں: چین آبادی کے لحاظ سے دُنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔ پچھلے



پچاس سالوں میں چین نے بہت ترقی کی ہے وہاں کے لوگ بہت محنتی ہیں۔ چین میں بہت سے کار خانے ہیں۔ وہاں لوگ دن رات محنت کرتے ہیں۔ اُن کی محنت سے بنی ہوئی چیزیں دُنیا بھر میں بیچی جاتی ہیں۔

نانا: لو! گھر آ گیا۔ باقی باتیں اندر چل کر کرنا۔

عمر گاڑی سے اُتر کر گھر کی طرف بھاگا اور امی کو بلندآواز میں بولا:

"نی ہاؤ!"

**الفاظ برائے املاء:**

| چین | پاکستان | ماموں | بیٹھے | بیجنگ |
|---|---|---|---|---|
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| قدیم | ایجاد | ترقی | محنتی | بیچی |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |

**الفاظ معنی لکھیے۔**

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| قدیم | پرانی | ______ | ______ |
| دور | فاصلے پر | ______ | ______ |
| مخصوص | خاص | ______ | ______ |
| محنتی | محنت کرنے والا | ______ | ______ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترقی | کامیابی | ______ | ______ |
| ہمسایہ | ساتھ کے گھر رہنے والا | ______ | ______ |
| تجسس | معلومات حاصل کرنے کا طریقہ | ______ | ______ |

**مختصر سُوالات کے جوابات**

**سُوال: چین کے لوگوں کی اچھی عادت بتائیں؟**

جواب: چین کے لوگ محنتی ہیں اور دِن رات محنت سے کام کرتے ہیں۔

جواب: ______

**سُوال: اپنے گھر والوں یا استاد سے پاکستان کے ہمسایہ ممالک کے نام پوچھ کر لکھیں؟**

جواب: چین، ایران، افغانستان اور بھارت۔

جواب: ______

(1) ارکان ملائیے۔

پا + کس + تان = ______

ت + جس + س = ______

بے + ٹھ = ______

گھن + ٹے = ______

ہم + سا + یہ = ______

(2) دُرست جواب کے گرد دائرہ بنائیں۔

(i) چین سے کون آیا تھا؟

نانا ماموں

دادا چچا

(ii) عمر نانا کے ساتھ کہاں گیا تھا؟

لاری اڈا ریلوے سٹیشن

ہوائی اڈا چین

(iii) ماموں چین کے کس شہر میں رہتے تھے؟

بیجنگ ہانگ کانگ

شنگھائی چین

(iv) چینی جب کسی سے ملتے ہیں تو کیا کہتے ہیں؟

ہیلو ہائے

نی ہاؤ ہاؤ

(3) دیے گئے الفاظ کو معمے میں ڈھونڈ کر دائرہ بنائیں۔

ملک۔ جہاز۔ شہر۔ اُردو۔ ایجاد

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| د | ا | ج | ی | ا |
| ک | ل | م | ر | چ |
| ش | س | د | ی | ا |
| ہ | و | ن | ا | ن |
| ر | ز | ا | ہ | ج |

**خلاصہ:** اس سبق میں بتایا گیا ہے کہ پچھلے پچاس سالوں میں چین میں چین نے بہت ترقی کی ہے۔ چین کے لوگ بہت محنتی ہیں چین میں بہت کارخانے ہیں۔ وہاں لوگ دن اور رات محنت کرتے ہیں۔ ان کی محنت سے بنی ہوئی چیزیں دنیا بھر میں بیچی جاتی ہیں۔

دستخط والدین: ____________

دن:بدھ

تاریخ:۲۶۔اگست،۲۰۲۰ء

# سبق۱۶:صفائی

**تدریسی مقاصد**

- صفائی کے فوائد بتانا۔
- تلفظ درست کروانا۔
- ذخیرہ الفاظ بڑھانا۔

**ٹیوٹر لنک:** https://youtu.be/Za5tRQGJD1c

**پڑھائی:**

## صفائی

**خاص الفاظ**

سکول بہترین صفائی انعام

نور اور احمد کو آج سکول میں بہترین صفائی اور حاضری کا انعام ملا۔ صاف ستھرا رہنے اور تن درستی کی وجہ سے دونوں بچوں نے پچھلے سال سکول سے ایک بھی دن چھٹی نہیں کی تھی۔ جماعت میں سب بچوں نے نور اور احمد سے پوچھا کہ وہ کس طرح صاف ستھرے رہتے ہیں۔ آئیں دیکھیں نور اور احمد نے انھیں کیا بتایا:





ہم پینے کے پانی کو اُبال کر استعمال کرتے ہیں۔ پھر اس کو ڈھانپ کر رکھتے ہیں۔





ہم اپنے گھر اور گلی کو صاف رکھتے ہیں۔ ہمارے گھر کے پاس ایک نالی تھی۔ ہم سب محلے والوں نے مل کر اس کو اینٹوں سے ڈھانپ دیا ہے۔



ہمارے گھر میں ابّو نے لیٹرین بنوائی ہے۔ ہم سب اس کا استعمال کرتے ہیں اور اُسے صاف رکھتے ہیں۔



ہم لیٹرین استعمال کرنے کے بعد اور کھانا کھانے سے پہلے صابُن سے ہاتھ دھوتے ہیں۔

87

**الفاظ برائے املاء:**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| چھٹی | صاف ستھرے | صفائی | انعام | بہترین |
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |
| دھوتے | صابن | استعمال | لیٹرین | ڈھانپ |
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |

الفاظ معنی لکھیے۔

| معانی | الفاظ | معانی | الفاظ |
|---|---|---|---|
| ________ | ________ | پڑھنے کی جگہ | سکول |
| ________ | ________ | سب سے اچھا | بہترین |
| ________ | ________ | ناغہ | چھٹی |
| ________ | ________ | صحت مند | تندرستی |
| ________ | ________ | گرم کرکے / جوش دے کے | ابال کر |
| ________ | ________ | تحفہ | انعام |
| ________ | ________ | موجود | حاضر |
| ________ | ________ | گزشتہ | پچھلے |

**خلاصہ:**

نور اور احمد کو آج سکول میں بہترین صفائی اور حاضری کا انعام ملا۔ صاف ستھرا رہنے اور تن درستی کی وجہ سے دونوں بچوں نے پچھلے سال سکول سے ایک بھی چھٹی نہیں کی تھی۔ جموعت میں سب بچوں نے نور اور احمد سے پوچھا کہ وہ کس طرح صاف ستھرے رہتے ہیں تو نور اور احمد نے بتایا کہ ہم پینے کے لیے پانی کو ابال کر استعمال کرتے ہیں۔ پھر اس کو ڈھانپ کر رکھتے ہیں۔ ہم اپنے گھر اور گلی کو صاف رکھتے ہیں۔ ہمارے ابو نے لیٹرین بنوائی ہے، ہم سب اس کا استعمال کرتے ہیں۔ ہم لیٹرین استعمال کرنے کے بعد اور کھانا کھانے سے پہلے صابن سے ہاتھ دھوتے ہیں۔

### مختصر سُوالات کے جوابات

**سُوال: نُور اور احمد کھانا کھانے سے پہلے کیا کرتے ہیں؟**

جواب: صُابن سے ہاتھ دھوتے ہیں۔

جواب: ______________________________

**سُوال: نُور اور احمد کی امّی پینے کے پانی کو کس طرح استعمال کرتی ہیں؟**

جواب: اُبال کر استعمال کرتی ہیں۔

جواب: ______________________________



## مشق

(1) ہم آواز الفاظ لکھیں۔

| | |
|---|---|
| سال | |
| تالی | |
| دن | |
| گھر | |

(2) ارکان جوڑ کر لفظ بنائیں۔

پی + نے = ______________________

پچھ + لے = ______________________

اس + تع + مال = ______________________

بی + مار + یوں = ______________________

دستخط والدین: ____________

تاریخ: ۲۷۔ اگست، ۲۰۲۰ء

دن: جمعرات

## عنوان: درخواست ضروری کام

**تدریسی مقاصد**

- درخواست لکھنے کا طریقہ سکھانا۔
- درخواست پڑھنی لکھنی سکھانا۔

**ٹیوٹرلنک:** https://youtu.be/EgGj4TGc0mg

بخدمت جناب پرنسپل صاحبہ ڈی پی ایس سکول اینڈ کالج دیپالپور۔

جنابِ عالیٰ!

گزارش ہے کہ مجھے گھر پر ضروری کام ہے جس کی وجہ سے میں سکول نہیں آسکتا/ سکتی۔ مہربانی فرما کر ایک یوم کی چھٹی دی جائے۔

آپ کی عین نوازش ہو گی۔

العارض

آپ کی شاگرد

ا۔ب۔ج

مورخہ: ------------

دستخط والدین: ____________

تاریخ:۲۸۔اگست،۲۰۲۰ء
دن:جمعہ

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/BsdJ9ZKQ6qA

# تفہیم: ہمارے پیارے نبی ﷺ

ہمارے پیارے نبی ﷺ کا نام حضرت محمدؐ ہے۔ اور آپؐ کا مرتبہ تمام نبیوں سے افضل ہے۔ آپؐ ۱۲ ربیع الاول ۵۷۱ء بروز سوموار مکہ میں پیدا ہوئے۔ آپ ﷺ کے والد کا نام حضرت عبد اللہ اور والدہ کا نام حضرت آمنہ بنت وہب ہے۔ آپ ﷺ کے دادا کا نام حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ تھا۔ آپ کے دادا نے ہی آپ ﷺ کی پرورش کی۔ آپؐ کے تین بیٹے اور چار بیٹیاں ہوئیں۔ بیٹوں کے نام طاہر رضی اللہ عنہ، عبد اللہ رضی اللہ عنہ، ابراہیم رضی اللہ عنہ۔ بیٹیوں کے نام حضرت زینب رضی اللہ عنہ، حضرت رقیہ رضی اللہ عنہ، حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہ، حضرت فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہ۔ آپؐ کے دس چچا اور ایک پھوپھی تھیں۔ سب سے زیادہ آپؐ کے چچا حضرت ابو طالب رضی اللہ عنہ نے آپؐ کا ساتھ دیا۔ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو ختم نبوت عطا فرمائی کہ آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ آپ تمام دنیا کے لیے کامل ترین ہستی ہیں۔

**تدریسی مقاصد**

- تفہیم کا مطلب سمجھانا۔
- تخلیقی صلاحیت بڑھانا۔
- آپؐ کے بارے میں معلومات دینا۔

## مشق:

سوالات کے جواب لکھیے۔

سوال: آپ ﷺ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: ______________________________

______________________________

سوال: آپ ﷺ کے والد اور والدہ کا نام بتائیے؟

جواب: ______________________________

______________________________

سوال: کس کا مرتبہ تمام بنیوں سے افضل ہے؟

جواب: ______________________________

______________________________

سوال: آپ ﷺ کے بیٹوں کے نام بتائیے؟

جواب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال: آپ ﷺ کے کس چچا نے آپ ﷺ کا سب سے زیادہ ساتھ دیا؟

جواب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال: تمام انسانوں کے لیے کامل ہستی کون سی ہے؟

جواب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال: ختم نبوت کا کیا مطلب ہے؟

جواب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔



# تفہیم: پابندی وقت

پابندی وقت کے معنی ہین کسی کام کو وقت پر انجام دینا۔ وقت ایک ایسی قیمتی دولت ہے جس کے برابر کوئی اور دولت نہیں، کیونکہ اگر کسی چیز کو ایک دفعہ حاصل نہ کر سکیں تو مسلسل کوشش سے دوبارہ حاصل کر سکتے ہیں۔ لیکن وقت ایک بار گزر جائے تو اسے دوبارہ واپس نہیں لایا جاسکتا۔ دنیا میں جو قومیں وقت کی پابندی اور قدر کرتی ہیں۔ وہی کامیاب ہوتی ہیں۔ ان قوموں کو کچل دیا جاتا ہے جو وقت کی پابندی کا خیال نہیں رکھتیں۔ اس دنیا کا سارا نظام بھی پابندی وقت کی بدولت قائم ہے۔ سورج مشرق سے نکلتا ہے اور وقت پر مغرب میں غروب ہو جاتا ہے۔ پانچوں نمازوں کے لیے وقت مقرر ہے۔ سکول پہنچنے اور چھٹی کا بھی وقت مقرر ہے۔ وقت کی پابندی نہ کی جائے تو کام کا نقصان ہوتا ہے۔ سکول دیر سے پہنچا جائے تو تعلیم کا حرج ہوتا ہے۔ زندگی میں کامیابی کے لیے وقت کی پابندی کرنا بہت ضروری ہے۔

## مشق:

سوالات کے جواب لکھیے۔

سوال: وقت کی پابندی سے کیا مراد ہے؟

جواب:________________________________________

____________________________________________

سوال: وقت کی پابندی کیوں ضروری ہے؟

جواب:________________________________________

____________________________________________

سوال: کیا گزرتے ہوئے وقت کو دوبارہ واپس لایا جاسکتا ہے؟

جواب:________________________________________

____________________________________________

سوال: کون سی قومیں ترقی کرتی ہیں؟

جواب:______________________________

______________________________

سوال: پوری دنیا کا نظام کس اصول کے تحت چل رہا ہے؟

جواب:______________________________

______________________________

سوال: وقت کی پابندی نہ کرنے کے تین نقصانات لکھیے؟

جواب:______________________________

______________________________

______________________________



تاریخ: ۳۱۔ اگست، ۲۰۲۰ء

دن: پیر

# سبق ۱۵: چین، سبق ۱۶: صفائی

## جائزہ

ٹیوٹر لنک:

**کل نمبر: ۱۰**

**سوالنمبر ۱: الفاظ کے معانی لکھیں۔** ۲/

| | |
|---|---|
| مخصوص | ____________ |
| محنتی | ____________ |
| حاضر | ____________ |
| پچھلے | ____________ |

**سوالنمبر ۲: سوالات کے جواب دیں۔** ۴/

**سُوال: چین کے لوگوں کی اچھی عادت بتائیں؟**

جواب: ____________________________________________

**سُوال: نُور اور احمد کھانا کھانے سے پہلے کیا کرتے ہیں؟**

جواب: ____________________________________________

**سوالنمبر ۳: خالی جگہ پر کریں۔** ۴/

ارکان جوڑ کر لفظ بنائیں۔

پِ + نے = ____________

پچھ + لے = ____________

اس + تع + مال = ____________

بی + مار + یوں = ____________

دستخط والدین: ____________